TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222144
UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—67—11-1-68—5,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۰۸ Accession No. U ۱۰۴۲
۳ ح

Author حسرت موہانی

Title کلیات حسرت

This book should be returned on or before the date last marked below.

مجموعہ

مثنوی

سراپا سوز

از

قاضی محمد صادق خاں اختر
ملک الشعرا

و

مثنوی

اسرار محبت

از

نواب محبت خاں محبت
شاگرد حسرت

و

مثنوی

طلعۃ الشمس

از سید آغا علی عیش لکھنوی

مع مختصر حالات اختر و محبت و شمس مرتبہ سید فضل الحسن حسرت موہانی ۔ بی اے اڈیٹر اردوئے معلی علی گڑھ

قیمت فی جلد ۸ر مع محصول ڈاک

اردو پریس علی گڑھ میں طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قاضی محمد صادق خاں اختر

(از ۱۷۹۲ء تا ۱۸۵۸ء)

CHECKED 1964

"قاضی محمد صادق خاں خلف قاضی محمد لعل از قاضی[۱] زادگان بندر ہگلی.... آباکرامش صاحب امارت بودہ اند" اختر آغاز سن رشد سے سرکار انگریزی میں معظم و محترم رہے[۲] مدتے در سرکار غازی الدین حیدر شاہ زمن عز اختصاص داشت و محامد حیدریہ بنام نامیش تالیف نمودہ و در آخر عمر بملازمت خاتم سلاطین اودھ واجد علی شاہ سلطان عالم نصیبے وافر برداشت"۔ فارسی عربی میں کامل اور فنون کیمیا و سیمیا و ہیمیا سے بخوبی ماہر تھے۔ تمام ارباب تذکرہ انکے علم و فضل کے قائل ہیں۔ مثلاً صاحب خازن الشعرا لکھتے ہیں کہ "بندہ بابسیارے از بزرگان برخوردم لیکن مثل اختر صاحب علم بنظر نیامدہ۔ انکے تصانیف سے دیوان فارسی و اردو و مثنوی سراپا سوز کے علاوہ فارسی شعرا کا تذکرہ "آفتاب عالمتاب" سب سے زیادہ مشہور ہے جسمیں انہوں نے ۱۲۳۰ھ سے ۱۸۴۶ء تک ۳۰ برس کی کامل محنت کے بعد ۲۶۴۸ فارسی شاعروں کا حال درج کیا تھا۔ ملک الشعرا کا خطاب انہیں غازی الدین حیدر نے دیا تھا۔ اختر کے مفصل حالات اور انکے کلام پر ریویو تذکرۃ الشعرا کے ضمن میں درج رسالہ اردوے معلی ہوگا۔ اس موقع پر ہم بطور نمونہ انکے چند اردو اور فارسی شعر نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں

کل شیخ بن کے مجتہد عصر ساقیا — دکھلا کے سبز باغ عذاب و ثواب کا

کہنے لگا زراہ تجبّر مجھے بطنز — معلوم ہوگا حشر میں پینا شراب کا

میں نے کہا کہ میں بھی ہوں یہ خوب جانتا — پر کیا کروں کہ ہے ابھی عالم شباب کا

تقصیر ہو معاف تو ایک عرض میں کروں — کیجے نہ آپ مجھ کو جو مورد عتاب کا

تقوی ہمارے آگے ہو جب آپکا درست — اور ہو یقیں آپکے اس اجتناب کا

مے اور کنج باغ ہو ساقی ہو ماہوش — اور واں کوئی مخل نہو باعث حجاب کا

گردن میں ہاتھ ڈال کے اک شوخ بے حجاب — دے ذائقہ زباں کو دہن کے لعاب کا

کھینچے ہنسی سے اپنا وہ منہ سے ملا کے منہ — یہ ریش جس پہ جلوہ ہے رنگ خضاب کا

منت سے یوں کہے کہ ہمارا لہو پیئے — گر پی نہ جائے جلد یہ پیالہ شراب کا

اس وقت ہم سلام کریں قبلہ آپ کو — گر کچھ بھی خوف کیجئے روز حساب کا

علاوہ یہ نظم اردو زبان کے مشہور ترین قطعوں میں شمار کیا جاتا ہے۔

---

[۱] تذکرہ خازن الشعرا مصنفہ میر نجات صاحب جلیلی الہ آبادی [۲] ۱۸۵۰ء میں ڈپٹی کلکٹر اٹاوہ تھے [۳] سراپائے سخن محسن۔ [۴] تذکرہ روز روشن

اور امتحاں بغیر تو یہ آپ کا غلام قائل نہیں ہے قبلہ کسی شیخ و شاب کا

ہو رونے سے اشک دیدۂ نمناک رنگیں ہے برنگ گل ہمارا دامن صد چاک رنگیں ہے
دیکھیے ہم نظر بازوں سے انکار قدح نوشی وہ آنکھیں بیچ ہیں وہ روئے آتشناک رنگیں ہے

خون سے آلودہ کہیں دامن جلا دنہ ہو مضطرب اسقدر رائے بسمل ناشا دنہ ہو

شب ہی اور یار شمع محفل ہے روز پروانہ سازئ دل ہے
نہ اسے رحم ہے نہ دل کو قرار آہ کیا کیجے سخت مشکل ہے
چلیے اس بزم میں جہاں اختر پر پروانہ شمع محفل ہے

ہے پسینے سے اے شوخ نگار شفقی رنگ رخ پر ہے ترے زور بہار شفقی رنگ

بن تیرے گلستاں میں مرا جی نہیں لگتا اور ساتھ مرے ہائے ترا جی نہیں لگتا
ابر و چمن و مطرب و مے سب ہے ولیکن تو پاس نہیں ہے تو ذرا جی نہیں لگتا

مرکر فراق یار میں دل نام کر گیا ناکام گو جہاں سے گیا کام کر گیا
نگاہے نظرے سوے من از ناز بکردی ممنونِ نگاہ غلط انداز نکردی:

دسلک کمال عز و جاہے داریم در بزم حسن بکم قدس راہے داریم
گر شاہ و وزیر را بہ جاہ است غرور ما نیز از ایں نمد کلاہے داریم

(۲) نواب محبت خاں محبت شاگرد حسرت (۱۱۶۵ھ تا ۱۲۲۳ھ)

نواب محبت خاں شہباز جنگ خلف حافظ الملک نواب رحمت خاں والی بریلی۔ ابتدا میں حافظ رحمت خاں نواب شجاع الدولہ کے مددگار رہے لیکن بعد میں کچھ ایسے واقعات پیش آئے (ان واقعات کی تفصیل طویل اور اسکی بے موقع ہی) کہ نواب نے ۴۰ لاکھ روپیہ دیکر انگریزوں کی مدد سے جنگ روہیلہ میں حافظ رحمت خاں کو شہید کیا اور ان کا ملک اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔ اس لڑائی کے چند ہی روز بعد نواب شجاع الدولہ نے انتقال کیا اور نواب آصف الدولہ نے تخت نشین ہو کر نواب محبت خاں کو قید سے رہا کرادیا اور وہ لکھنؤ میں امیرانہ زندگی بسر کرنے لگے۔ یہی زمانے میں وہ حسرت کے شاگرد ہوئے تھے اور جرأت کو بزمرۂ شعرا ملازم رکھا تھا۔ ڈی ٹاسی لکھتا ہے کہ "یہ شخص بہت عقلمند ذہین نیکبخت اور پارسا۔۔۔۔ دل کا فیاض اور دلیر آدمی تھا۔ اس کا ایک دیوان بھی ہے"۔ میر حسن نے بھی ان کی توصیف ان الفاظ

ؔ تذکرہ خازن الشعرا ؔ اس سے قبل میر درد کے شاگرد تھے

میں کی ہے گو با وجود اسباب امارت طبع موزوں بہ تواضع مقروں دارد" سید میر نجان نبیرہ حضرت شاہ اجمل الہ آبادی خازن الشعرا میں لکھتے ہیں کہ محبت خاں صاحب طبع بلند و ذہن ارجمند بود۔ در ہر دو زبان طبع آزمائی میکرد۔ در فارسی شاگرد مرزا فاخر لکھنوی بود۔ مثنوی ہیسی و نبوں کہ منظوم وے ہست بسیار نغز و شیریں واقع شدہ پسند طبع موزوں طبعاں روزگار ہست جدم جوم در تعریف او غزلے گفتہ" محبت کی چند اردو فارسی غزلیں مثنوی اسرار محبت کے آخر میں درج کر دی گئی ہیں۔ اسلیے یہاں انکے نقل کرنیکی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔

CHECKED 1966

(۳) آغا علی شمس لکھنوی (از ۱۲۳۳ھ تا ۱۲۱۳ھ)

سید آغا علی نام شمس تخلص اصل انکی خراساں سے ہے۔ ابھی کمسن ہی تھے کہ والدین نے انتقال کیا۔ گیارہ سال کی عمر میں راجہ کندن لعل اشکی نے انکو اپنا پسر خواندہ قرار دیا۔ خوشنویسی کی مشق شمس نے انہیں سے کی تھی۔ انہیں کی وساطت سے محمد علی شاہ بادشاہ اودہ کی سرکار سے انکو زرّیں رقم مشکیں قلم سید آغا علی خاں بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ اور وقائع نگاری کی خدمت سپرد کی گئی۔ کچھ روز تک زمرہ مصاحبین شاہی میں بھی شامل رہے۔ نواب فخر الدولہ بہادر زخمی بھی ان کی امیرانہ پرورش کرتے تھے راجہ کندن لعل کے بعد عرصے تک نواب محمد تقی خاں شاگرد مرزا نسیم کی سرکار سے توسل رہا لیکن آخر حصہ عمر ان کا انقلاب روزگار کے ہاتھوں تنگدستی میں بسر ہوا۔ زہرہ و مشتری مشہور طوائفان لکھنو کو فارسی پڑھاتے اور انہیں کے مکان میں رہا کرتے تھے۔ بی مشتری کے نکاح کر لینے اور خانہ نشین ہونیکے بعد کانپور چلے گئے اور وہیں انتقال کیا۔ میانہ قد دہرا بدن گورا رنگ ڈاڑھی کتری ہوئی رکھتے تھے شراب کا بہت شوق تھا۔ آخر عمر میں بہرے ہوگئے تھے۔ ان کے بیٹے میر حیدر صاحب حیدر مشہور مرثیہ گو تھے۔ حکیم سید مہدی حسن حسن کو بھی بیٹا بنایا تھا۔ ملک الشعرا اختر کے شاگرد تھے تحقیق الفاظ و صحت زبان میں کمال حاصل تھا۔ کتب درسیہ عربی و فارسی کی تکمیل مولوی فضل حق خیرآبادی۔ مولوی وحید الدین بلگرامی۔ مولوی سبحان علی لکھنوی مولوی سلامت اللہ کشفی۔ شاہ عبد العزیز دہلوی۔ مرزا قتیل و مفتی میر عباس سے کی تھی۔ دیوان اردو و فارسی کے علاوہ انکی ہندی چیزوں کا بھی ایک مجموعہ قابل دید ہے گلستان سعدی کے جواب میں ایک کتاب سنبلستان لکھی تھی۔ ہندی کلام کا نمونہ یہ ہے۔

گھر آئے بدرا لٹک لٹک میں کا سے کہوں جیسا اکی للک

سکھی ری پر کن لاگے نین } کنور کنہائی جب سے گئے ہیں۔ پرت نہیں موہے چین۔ سکھی ری الخ
شمس پیا ہو ہے بھول کے بیٹھے۔ تلپت ہودن رین۔ " " "

انکی اردو فارسی شاعری پر مفصل ریویو تذکرۃ الشعرا میں کیا جائے گا۔ اس مختصر میں گنجایش نہیں ہے۔ حسرت جنسے انہیں ملاقات کا اتفاق ہوتا تھا

مثنوی سراپا سوز

از قاضی محمد صادق خان مرحوم متخلص بہ اختر

خلق عالم سی مدعا ہے عشق
مظہر ذات کبریا ہے عشق

عشق سے ہی بلندی و پستی
عشق ہی شاہ عالم ہستی

عشق سے سبکی جسم میں ہے جان
عشق سے ہی بہار کون و مکان

عشق ہی فیض فضل یزدانی
رونق کارگاہ امکانی

عشق ہے نور سے گرانمایہ
عشق ہی ذات شخص بے پایہ

عشق کا راز سب سے ہی نہاں
جسم کی روح روح کی ہی جان

باعث ہر وجود ہی یہ عشق
علت نیست و بود ہی عشق

عشق ہی رہبر سالکان طریق
عالم السر کاشف التحقیق

عشق ہی دولت سرفرازاں
عشق ہی تاج بخش محتاجاں

عشق ہی ایک امانت یزدان
اُس امانت کا ہی امین انسان

عشق وحدت طراز کثرت ہے
عشق کثرت نما ہی وحدت ہے

عشق شور سر عنادل ہی
عشق سے لالہ داغ بر دل ہی

عشق ہی برزخ وجود و عدم
عشق ہے محرم حریم حرم

عشق سے دلکو ارجمندی ہی
عشق معراج سربلندی ہی

عشق سے نہ سپہر برپا ہی
دیدۂ مہر و ماہ بینا ہی

عشق ہی آفتاب روح حرم
عشق ہی ابر فیض باغ کرم

عشق ہی واقف رموز کتاب
عشق سے ہی حساب روز حساب

عشق درمان دردمندان ہی
مونس جان مستمندان ہی

عشق کی فیض سے ہو ہمدم
دل بغم لب بنالہ چشم پر نم

در صفت نیرنگیہای عشق کہ نقشبند گلشن امکان و چہرہ پرداز روانسانے

عشق ہی گرچہ آب رنگ جہاں
اسکی نیرنگ ہیں پر آفت جاں

کہیں ہنگامۂ مصیبت ہے
کہیں محفل طراز عشرت ہے

ہی کہیں سوز اور کہیں ہے ساز
کہیں ہوتا ہی صرف ناز و نیاز

ہی کہیں آب رنگ عارض گل
ہی کہیں درد نالۂ بلبل

ہی کہیں شانۂ خم گیسو
دخل کرتا نہیں کہیں سر مو

کہیں شبنم نمط بہ گل ہمدوش
کہیں بلبل صفت ہے نالہ فروش

کہیں ہوتا ہی رنگ روے نگار
ہی کہیں یہ طمانچۂ رخسار

دل نشین ہی کہیں بطرز خدنگ
کہیں ناموس ہے کہیں بے ننگ

ہی کہیں سرو ناز برلب جو
کہیں قمری کا ہی یہ طوق گلو

ہی کہیں محو ناز مثل ایاز
کہیں محمود سان ہی بندہ نواز

کہیں مختار بن کی یار رہوا
کہیں مجبور ہو دوچار رہوا

کہیں بیم فرق شاہی ہی
کہیں خاک بسر تباہی ہی

کہیں یہ کوچۂ سلامت ہے　کہیں سنگِ سرِ ملامت ہے
کہیں عارض کا خط و خال ہوا　کہیں آئینہ جمال ہوا
کہیں یہ چاک ہی گریبان کا　کہیں بخیہ ہی جیبِ دامان کا
کہیں عاشق ہو شکلِ آہ ہوا　کہیں دل بن کی فرشِ راہ ہوا
کہیں گیسوئے یار بنتا ہی　کہیں دوستی کو مار بنتا ہی
کہیں مرہم کا یہ تلاشی ہی　کہیں زخمِ جگر خراشی ہی
کہیں گل بن کی یہ حمایل ہے　کہیں زخمِ حمایلِ دل ہی
کہیں یہ کفر ہی کہیں اسلام　کہیں دونوں سے کچھ نہیں ہے کام
کہیں مشعل فروز پرتو نور　ہی کہیں ظلمتِ شبِ دیجور
کہیں مجنوں ہو نالے کی لے کی　ہی کہیں گرد محملِ لیلی
کہیں گل ہو کے رنگ دکھلایا　ل ہو لطفِ ترنگ دکھلایا
گرچہ یہ دیر کا ہی ناقوسی　ہی حرم میں بہی اسکی جاسوسی
شوقِ اہلِ وفا اسی سے ہے　سعی اہلِ صفا اسی سے ہے
یہی داغوں کا دل کی مرہم ہے　یہی ناسورِ چشم پرنم ہے
کون اس سے ملا ہی فرزانہ　نہوا جو خرد سے بیگانہ
پھر یہ کہتا ہی اس سے کاے مسکین　جاننا اسکو نور روی یقین
ہی موافق جسے یہ آب و ہوا　عشقبازی ہی یاں اسیکو روا
سچ ہی اس عشق کا جنہیں ہے مرض　انکو جینے سے کچھ نہیں ہے غرض
دردِ دل کو دوا سمجھتے ہیں　مرگ کو وہ شفا سمجھتے ہیں
چشم پر خون ہی جام ہے انکا　مرنے مٹنے سے کام ہی انکو
تشنگی میں انہیں ہے بی آبی　دمِ شمشیر سے ہی سیرابی
نہ فریب اسکے ہو جیو زنہار　ہی یہ مجنون بکار خود ہشیار
ہیں جگر اسکی نفیض بخشی ہی　قتل پہلے شگون بخشی ہی

کہیں مستسقی اور آب ہی یہ　کہیں لب تشنہ و سراب ہے یہ
کہیں عاشق کی چشم پرخون ہے　کہیں جامِ شرابِ گلگون ہے
کہیں یہ مستیِ دل خم ہے　کہیں شورِ لبِ تبسم ہے
کہیں سرسبزیِ نہالِ چمن　کہیں بلبل صفت ہے دستان زن
کہیں یہ پھول ہو کی ہار ہوا　کہیں پہل ہو جگر کے پار ہوا
کہیں دلدادۂ خود آرائی　کہیں شہرت کشیدہ رسوائی
کہیں سامان برگ عیش ہوا　کہیں دل کا کسی کی طیش ہوا
کہیں یہ آبیار گلشن ہی　کہیں تاب شرار گلخن ہے
کہیں یہ لطف نشۂ مے ہے　کہیں ایسا بہی ہی کہ لاشی ہی
کہیں خسرو ہو عشق پیشہ ہوا　کہیں جا بیستون میں تیشہ ہوا
دردِ دل خون کن جگر ہی کہیں　جوشِ سودای مغز سر ہے کہیں
دیدہ پرنم ہیں زایران حرم　کعبہ در بر ہی کسوت ماتم
اس سے ہے شمع بزم جان روشن　دل پروانہ سوز کا مسکن
غرض ایسا ہی یہ ستم ایجاد　جس نے گھر سیکڑوں کئے برباد
دادی اپنا جسے دکھاتا ہی　پہلی لاکھوں کنویں جھنکاتا ہی
چشمۂ آب یاں ہی دیدۂ تر　اور دمِ سرد ہی نسیم سحر
اور اگر دل ہوا اسکا عیش طلب　نہ رکھے یہاں کسی سے مطلب
شوق سے اپنے دردمندوں میں　آتشِ عشق کی سپند ہیں وہ
انکے نزدیک ہی جفا ہی وفا　یار کی گالیاں ہیں انکو دعا
انہیں داغ جگر ہی غیرتِ گل　نوحہ خوانی ہی نغمۂ بلبل
الغرض عشق موجدِ بیداد　ایک ہی اپنی کام میں استاد
بسکہ ہی طبع اسکی عربدہ جو　آشتی میں ہی اسکی جنگ کی خو
پھر یہ عادت ہے اس ستمگر کی　فکر کرتا ہی دونوں ہمسری

شمع سان گر کٹا ہی عاشق سر   جلے پروانہ سان تن دلبر
لب پر اس دم جو ہی ترانۂ عشق   عرض کرتا ہوں یک فسانۂ عشق

آغاز داستان سراپا سوز کہ ماجرے سراست عجیب و واقعہ الیست غریب

تہا بنارس میں ایک جوان حسین   سرو قد گلعذار ماہ جبین
لمعۂ طور تہی جبین اوسکی   موج دریا ہی نور چلبن اوسکی
مردمک سے یہی ہویدا تہا   دل عشاق کا سویدا تہا
عشوۂ و غمزہ پیش اہل نظر   بالیقین کا نور کا جادوگر
یا سمن زار گوش کی صدقی   خرمن دوشس کی صدقی
قد و قامت بلائے قہر انگیز   فتنۂ دہر و شور رستاخیز
بسکہ ہر ایک سے باوفا تہا وہ   دیدہ سان مردم آشنا تہا وہ
با ہمہ ناز و نعمت و خوبی   عشق سے یک محبت اسکو تہی
تہا وہ نزدیک ماہر فن عشق   بلبل پاکباز گلشن عشق
دیکھتا گر کوئی پری تمثال   سایہ سان پھر نچھوڑتا دنبال
نالہ کش ہوتا گر کوئی نا شاد   یہ بھی کرتا برنگ نے فریاد
گل سے کہتا بدیدۂ نمناک   کس لیے تراکیا ہی چاک
کبھی نرگس سے کہتا میری جان   غم میں کسکی ہوا ہے تجھے یرقان
کبھی لالہ کا دیکھ داغ جگر   خون سے بھر آیا غ دیدۂ تر
کبھی کہتا تہا سبزہ سے کہ یار   سبز تجھسے رہے سدا گلزار
الغرض وہ جوان نیک صفات   صرف کرتا تہا اسطرح اوقات
کبھی گلگشت باغ کا مایل   کبھی خود رفتگی سے پادر گل
ایک دن اتفاق سے وہ جوان   سیر بازار کو ہوا تہا روان
ناگہاں ایک خانۂ زرگر   ہوا اوسکی نمود پیش نظر
روکش آفتاب غیرت حور   نور عارض شرار شعلۂ طور

آفتاب سپہر حسن و جمال   بدر تابان اوج فضل و کمال
چشم میگوں و ابروی خمدار   مست کے پاس تھی دو ہی تلوار
مژہ چشم فتنہ گر ستر تیز   ذبح کرنیکو خنجر خونریز
خط نو گرد عارض تابان   شکل آیات مصحف ایمان
لب پر اسکی تبسم نمکین   نمک زخم سینۂ غمگین
اپنے گھر کا امیرزادہ تھا   اور بزرگ اسکا خانوادہ تہا
گاہ سیر و شکار گہ می جام   تہا اسے شغل عشق و جشن مدام
دل مشتاق تہا حسینوں کا   داغ رکھتا تہا مہ جبینوں کا
دل میں تہا خار رخار گلبدنان   جان تہی وقف گداز سیمتنان
نظر آتا کوئی جو ہمدم درد   غم سے ہوجاتا اسکا چہرہ زرد
گھر کبھی سیر باغ کو جاتا   وان نئے رنگ اپنے دکھلاتا
پوچھتا گاہ عندلیبوں سے   زار نالی ہی اتنی کسکے لیے
گاہ سیر چمن سے بر لب جو   پوچھتا شکل آہ کیوں ہے تو
سوسن صد زبان کی آگے کبھی   بحث کرتا تہا درس الفت کی
ہو بیگانہ کہنے سے غمگین   تو تو ہی اس چمن کا خاک نشین
کبھی عیش و نشاط سے سروکار   کبھی جوش جنون سے نالہ و زار
کبھی رخ کا لکسیکے آئینہ دار   کبھی حیرت سے پشت بر دیوار
ہر طرف پھینکتا تہا تیر نگاہ   تاکہ ہو صید کوئی غیرت ماہ
در کے جانب جو غور سے دیکھا   نظر ایک آئی دختر زیبا
بال گیسو کہ موج بال پری   چال رشک خرام کبک دری

زہرہ اوج دلبری تھی وہ — دل عاشق کی مشتری تھی وہ
چشم وہ نیم ناز عشوہ طراز — ایک چشمک میں جسکی سو سو ناز
غیرت آکر نگہ سے یار ہوئی — جان بلا خیز اضطرار ہوئی
دل میں سخت اُسکے اضطراب ہوا — جگر آشفتگی کا باب ہوا
بیخودی ہوگئی جو دلکو قرین — گر پڑا کھا کے غش بروئے زمین
کوئی کہتا تھا سکتہ ہی اسکو — جلد فصد اس برشتہ جانکی لو
ایک تھا انمیں صاحب عرفان — کہا اُسنے کہ ہی غلط یہ گمان
تھا جو حسن و جمال میں بہتر — لگ گئی ہی کسی کی اسکو نظر
غرض اسطرح ہر صغیر و کبیر — دیکھکر اُسکا حال تھا دلگیر
وہ بھی سمجھی کہ ہی یہ عاشق زار — میری ہی چشم کا یہ ہی بیمار
پرنہ دی اُسکو ناز نے رخصت — بلکہ مانع ہوئی اُسے غیرت
ننگ قوم اپنا مجھکو بنائینگے — اور برا دل میں سخت پائینگے
سُنی غیرت کی اُسنے جب یہ بات — گھر میں جا بیٹھی وہ ستودہ صفات
دل شوریدہ غم سے مضطر تھا — سر بزانو بپاش سر تھا
پر خموشی سے اُسنے ضبط کیا

ابروان خمیدہ ہوش ربا — ناوک انداز مثل شست قضا
یک بیک اُس سے جو دو چار ہوا — تیر غمزہ جگر کے پار ہوا
لشکر غم ہوا علم آرا — خانہ عیش لٹ گیا سارا
طاقت دست و پا جو سلب ہوئی — ناتوانی انیس قلب ہوئی
تھا گذرگاہ خلق جو وہ مقام — جمع واں ہوگئے خواص و عوام
کوئی کہتا تھا ہی جو یہ مے نوش — نشہ مے سے ہوگیا بیہوش
فکر دوا اسکا اور کچھ چارا — یہ کسی کی نگہ کا ہے مارا
مجھسے گر پوچھتے ہو چارہ کار — ہی دوا اسکی شربت دیدار
دخت زرگر جو سامنے تھی کھڑی — جب نظر اُسکی اُس جواں پہ پڑی
دل میں آیا کہ اسپہ رحم کرے — دل مشتاق کو تسلی دے
کہ ابھی گر کرے گی اسکا علاج — اسمیں ماں باپ کی رہیگی لاج
گر تجھے عشق میں ہے کچھ بھی وقوف — اسکو رکھ اور وقت پر موقوف
پڑ گئی تھی جو دلمیں عشق کی چوٹ — رہی گھر میں اگرچہ پردے کی اوٹ
تھی عیاں رخ سے بیحواسی سی — چھا گئی دلپر ایک اداسی سی
عشق کو خوب اپنے ضبط کیا

بہوش آمدن آن جوان از بیخودی بہ بشارت الہام غیبی و روانہ شدنش بسوئے خانہ بدیدہ خونبار و گفتن راز دل با یاران خود بحال اضطرار

اب ادھر سنئے اس جواں کا حال — دیر تک چپ پڑا رہا وہ نڈھال
کیسی یہ نیند کیسا سونا ہی — ابھی برسوں تجھے تو رونا ہی
عشق میں ہی پسند بیداری — اشک آنکھوں سے دمبدم جاری
وہ دھواں دھار آہ ہو لب پر — جسکی گرمی اثر کرے سب پر

غیب سے یہ ہوا اُسے الہام — کاے گرفتار بخت خون آشام
چونک اب خواب سے نہ سو اتنا — والہ بیخودی نہ ہو اتنا
دست مشتاق ہو گریبان کا — تر کہے تار جیب و داماں کا
یوں رہی نالہ کش دل بیتاب — شیر کا زہرہ جسکو سنکے ہو آب

دل ہوا اتنا عدو کے صبر و قرار
کرے سیماب جس بات کو سو فرار
سنکے حرف تسلی دل زار
بخت خوابیدہ ہو گیا بیدار
شدت ضعف سے اگرچہ نہ تھی
دو قدم تاب راہ چلنے کی
نہ خبر پاؤں کی نہ کچھ سر کی
خضر رہ اسکا یاد دلبر کی
وارد خانہ جب ہوا ناشاد
گرچہ ظاہر میں ضبط کی فریاد
دلمیں اسکے بہری جو تہی آتش
شعلہ اسکا لبونسے تہا سرکش
اسکے صحبت کے تھے جو یار کئی
محرم راز و غمگسار کئی
پوچھا ناکہ اسکو کیا غم ہے
کس سبب سے یہ دیدہ پرنم ہے
نہ ہوائے چمن نہ سیر و شکار
مثل بلبل بس ایک نالۂ زار
آہ کی لب سے ہمدمی شب و روز
آتش ہجر مونس جانسوز
دل نے شدت سے بیقراری کی
نہ رہی طاقت آہ و زاری کی
غم کے ہاتھونسے ہو ز بس لاچار
کیا یارونسے درد دل اظہار
پھر کہا ای انیس جان حزیں
کچھ تو ایسا کرو کہ ہو تسکیں
تابکے بار غم اٹھاؤں میں

ہجر سے صلح ہوے وصل سے جنگ
بیقراری سے عرصہ دل پر تنگ
یا تو وہ غش میں تہا پڑا ایسا
یا یکایک خوشی سے اٹھ بیٹھا
رکھ کے پھر ہاتھ بر دل بیتاب
گھر کی جانب چلا وہ خانہ خراب
جذب دل سے وہ مبتلا جفا
تھا رواں ہر قدم پہ ولقفا
پر جو زردی تھی چہرے سے عیاں
قلق دل کی وہ ہوئے غماز
چشم تھی سرخ اور لب تھے خشک
سچ ہی چھپتا نہیں ہے عشق اور مشک
دیکھکر اسکو یوں بحال تباہ
ہوئے اسکے شریک نالۂ آہ
نہ وہ شادی رہی نہ وہ عشرت
نہ وہ خوش اختلاطی صحبت
سینہ اندوہ و غم سے چشم خون
جوش سودا سے سر بسر غم جنون
گریہ شام و سحر قلق دن رات
لگ گئے یکچند یوں ہیں جب اوقات
جوش وحشت نے دلکو گھیر لیا
استقامت نے مونھ کو پھیر لیا
ماجرا سارا کہ سنا یا انہیں
آپ بھی رویا اور رولایا انہیں
یاربن اب رہا نہیں جاتا
ہجر کا دکھ سہا نہیں جاتا
حال کچھ تو اسے سناؤں میں

فرستادن عاشق یکی از رفیقان خود را پیش معشوق دل افروز با پیغام خاطر اندوز

تھا رفیقوں میں ایک خوش تقریر
کیا اسنے مقرر اسکو سفیر
کہیو اس سے کہ ای سراپا ناز
ہے کوئی دلسے تیرا اہل نیاز
سر بازار تہا جو اسپہ ہجوم
حال اسکا تجھے بھی ہے معلوم
نہ تو ان ہے نہ تاب نے طاقت
نہ سکون ہے نہ خواب نے راحت
تیری دوری میں وہ فراق نصیب
آن پہنچا ہے اب اجل کے قریب

اس سے پھر یوں کہا کہ بیہوش ہوا
جس طرح جیسے ہو جاتا ہو کوئی بیحواس
ایکدن دیکھکر تجھے سر راہ
ہو گیا زخمی خدنگ نگاہ
اب وہ جینے سے ہے بہت عاری
غش کی حالت ہے روز و شب طاری
دلسے تیرا وصال چاہے وہ
غم ہجراں سے رو برو ہے وہ
غم تیرا ہی جو اسکا مونس جان
ہیں یہ اشعار اسکے ورد زبان

کا ہے گل بوستان رعنائی
مہ پر نور اوج زیبائی

مایۂ درد زخم سینہ مقام
محشر دلبری و فتنہ خرام

میں گرفتار رنج خونخوارہ
کوچۂ عاشقی کا آوارہ

عشق نے دل میں آ مقام کیا
کار صبر و خرد تمام کیا

تیرے کوچہ میں طرفہ ای دلبر
راہ چلتے مجھے لگی ٹھوکر

سنتو ای آہوی شکار افگن
وحشت آموز دیدۂ پرفن

غرض اس جا جب میں گھر کو چلا
دلکو اپنے اسی جگہہ چھوڑا

غم کی ہمت سے صرف بیخبری
جاں ہی ملک عدم کی اب سفری

اپنے جینے سے یاس ہے مجھکو
آرزو ہی کہ دیکھہ لوں تجھکو

بیکسی میں جو حال بیدم ہے

کارفرمائے ملک عیش و سرور
ست آرائے قصر نازۂ خود ور

تک خواب دیدۂ عاشق
جان برلب رسیدۂ عاشق

سر رہ دیکھہ کر تیرا دیدار
ہوا سو جان و دل سے عاشق زار

ہوش کا جب رہا نہ کچھہ اسلوب
غش کی افراط سے گیا جی ڈوب

دیکھکر تو تو گھر میں جا بیٹھی
حال پر میرے اعتنا ہی نکی

صد سبب سے مونہہ بھی موڑنا ہی تھا
نیم بسمل بھی چھوڑتا ہی کوئی

اب فقط جان زار ہے دل میں
یک جہاں اضطرار ہے دل میں

باقی اس نیم جان میں کچھ ہے
آن میں کچھ اور آئین کچھ ہے

اب بھی گر تو نہ آئے میرے پاس
وائے بخت اپنے اور وائے نصیب

یہ غزل اب ترانۂ لب ہے

غزل

نہیں تو مجھسے ہمکنار افسوس
ہے یہی دلکو بار بار افسوس

آن پہنچا ہوں میں اجل کے قریب
دور اب تک ہے مجھسے یار افسوس

عشق نے تیری کردیا مجبور
اب نہیں دل پہ اختیار افسوس

روز و شب چھڑ ہا اپنے بیخودی

مرتے دم تک نہ دیکھا تمنے تجھے
ہائے صد حیف اور ہزار افسوس

نقش پا بن گیا تری رہ میں
تو نے پوچھا نہ اے نگار افسوس

زخم پیہم سے تیری مژگاں کی
چھن گیا سینۂ فگار افسوس

کس سے اختر ہوا دوچار افسوس

رفتن قاصد تا مقام دلبر با پیغام عاشق

العرض اس سفیر نے جاکر
وقت فرصت کسیطرح پاکر

سنکے اسکو ہوا اگرچہ ملال
پر نہ ظاہر کیا کچھہ اسکا حال

اور منظور امتحان بھی تھا
دیکھیے عشق میں ہے یہ کیا

کہہ سنایا یہ دلبر عیار
حال پر اختلال عاشق زار

کیونکہ تھی ننگ قوم کی پابند
اسکے اظہار میں تھی فتنہ پسند

سوچکر دلمیں تب بہ راہ صواب
دیا پیغام کا یہ اسکے جواب

فرستادن جواب معشوق طناز بعاشق جانباز

اے مقیم مقام رسوائی ‏— آرزومند ناشکیبائی
بلبل گلستان حسن و جمال ‏— خار بے برگ بوستان وصال
حسرت خاطر ستم دیدہ ‏— چشم بیدار بخت خوابیدہ
وہ تیری فرط غم سے بیہوشی ‏— حسرت وصل سے ہم آغوشی
دھیان میں لا کے کوئی مہ پارہ ‏— ہونا حیرت سے محو نظارہ
بیکسانہ اِدھر اُدھر تکنا ‏— آپ ہی آپ کچھ کبھی بکنا
دن کو رونا رولانا یاروں کو ‏— شب کو گننا فلک کے تاروں کو
جو سنا تجھسے تھا سنا ناگہ ‏— تیرے سب حال سے کیا آگہ
بیخودی میں تو آگیا فی الفور ‏— حال کو تیری لوگ کرتے تھے غور
کون تھی ایسی شوخ گل رخسار ‏— جسکی نرگس کا تو ہوا بیمار
تو تو ہی خود حسین نام خدا ‏— کتنی سو جان سے ہونگی تجھ پہ فدا
کتنے مفتون عارض تابان ‏— کتنے جان دادۂ غم پنہان
جب خدا داد حسن ہو ایسا ‏— پھر سروکار اُسکو اوس سے کیا
عشقبازی کر اپنی ذات سے تو ‏— رکھ نہ کام اور کی صفات سے تو
دل نہ دینا کسی کو اے نادان

زخمی ناوک خدنگ نگاہ ‏— کشتۂ خنجر غم جانکاہ
پنجہ بر تاب ہوش و صبر و خرد ‏— رستم رزم آفت بیحد
آیا قاصد تیرا مبارک دم ‏— سرِ راہ نیاز کرکے قدم
سر بازار نقد دل کھونا ‏— گھر میں جا منہ کو ڈھانپ کر رونا
کبھی ہنسنا بصورت گلزار ‏— کبھی رونا برنگ ابر بہار
ناامیدی پہ اپنے کرکے نظر ‏— مستعد ہونا جان دینے پر
سانحہ دلکی بیقراری کا ‏— ماجرا سارا اشکباری کا
اِسقدر تو خبر ہی مجھکو بھی ‏— کہ لڑی جب کسی سے آنکھ تیری
پر نہ جانا یہ ہمنے ای غمگین ‏— کس نے دلکو تیرے لیا واں چھین
کیا کس ماہ وش نے تیر بجان ‏— دل تیرا چاک چاک مثل کتان
کتنے قربان کمان ابرو کی ‏— کتنے قیدی کمند گیسو کے
کتنے مجرم ہیں جرم ناکردہ ‏— کتنے ہیں لوٹ پوٹ در پردہ
دیکھ تو آئینہ میں اپنا جمال ‏— اور کا کیوں عبث ہے تجھکو خیال
چاہیے تجھکو آپ سے الفت ‏— غیر سے ہوگی مایۂ کلفت
اسمیں بیشک ہے تیری جی کا زیان

بازرفتن قاصد مع جواب معشوق پیش عاشق جان نثار

سنکے قاصد جواب ناز و ادا ‏— اُس برشتہ جگر کے پاس آیا
سُنی قاصد کی اُسنے جب تقریر ‏— کچھ ہوا شاد اور کچھ دلگیر
پھر کیا اُسنے جب جواب کو غور ‏— آیا در پردہ آشتی کا طور
جسطرح سے ہو تو برائے خدا ‏— جلد اپنے کو یار تک پہنچا
مجھسے تو کچھ کہا نہیں جاتا

اُس سے جو کچھ سنا تھا راست ‏— کہا ایک ایک حرف بکم و کاست
شاد با حرفہای مہر آمیز ‏— دل گرفتہ بہ گفتگوے گریز
شوق بیحد ہوا جو دلکا رفیق ‏— کہا قاصد سے ای رفیق دقیق
کیو میری مصیبتیں ساری ‏— جیسے دیوی زبان تری یاری
بیجو اسی سے دم ہے گھبراتا

شنیدن حال تشفی افزا از جانب معشوق زبانی قاصد و باز روانہ ساختن

قاصد نیک ذات فرخ پے — آیا جب راہ شوق کو کر طے
کا ہی بت نازنین گل رخسار — فتنۂ دہر و دلبر عیار
سوز عالم بخندۂ شیریں — پردہ در پردہ دار پردہ نشین
لطف بیحد کئے جو اسنے بیان — ہوا ممنوں میں بصد دل و جان
پر جو تونے یہ بات فرمائی — از رہِ دلبری و رعنائی
اسکو سنکر ہوا بہت میں اداس — بنگئی شکل میری صورت یاس
سوچ تو میں شکار کسکا ہوں — کشتۂ انتظار کسکا ہوں
نہیں شرط مروت اے دلدار — اپنے بسمل سے ذبح کا انکار
جو کہ اپنا ہو چاہنے والا — کیا بنانا پھر اسکو یوں بالا
جسکی کچھ سے نہ مر ہی جانیکی — پوچھنا رسم ہی زمانے کی
مجھکو جب یار تونے سمجھا غیر — مر ہی جاؤنگا اب فراق میں خیر
عشق کا تب مزا ہی میری جان — رہے عاشق کا اپنے یار کو دھیان
یاں گر کون ہی اپنے دلکا حال — تجھکو ابتک نہیں کچھ اسکا خیال
بکھرے وہاں ہونگے تیرے ماتھے پہ بال — یاں ہے بخت سیاہ جیکا وبال
چشم واں مست بادۂ گلگوں — اپنے آنکھوں میں یاں بھرا خوں
واں تو گنج نشاط سینہ ہی — حسرتو نکا یہاں دفینہ ہی
محو سیر چمن ہی واں تو قدم — پانو رکھتے ہی یاں فنا ہی دم
ہو چکا ابتو یہ پیام تمام

جاکے پیش نگار نادرہ فن — یون ہوا شانہ کش زلف سخن
زر کامل عیار کیسۂ ناز — محک قلب اہل سوز و گداز
قاصد جان نثار راہ وفا — تجھسے رخصت ہو جبکہ یاں آیا
شکر اسکا ادا کریں کیا ہم — بے نہایت ہیں تیرے لطف و کرم
کہ خبر اسکی کچھ نہیں مجھکو — کسنے گھایل کیا ہی یوں تجھکو
غور کر تو ہی اپنے دلمیں بھلا — آئی کسکے سبب یہ مجھ پہ بلا
تجھ سوا اور کون ہی قاتل — کہ کرے اسطرح مجھے گھایل
جسکو گیسو میں لیجے لٹکا — اسکو پھر یوں نہ دیجے جھٹکا
جو کوئی اپنا ہو گیا ہو اسیر — ظلم ہی وہ رہے اگر دلگیر
مبتلا اپنا جو ہوا ہو غریب — چاہیئے وہ رہے وصال نصیب
حیف ہے ایسی زندگانی پر — جو گراں گذرے یار جانی پر
ایک طرف عاشقی میں کب ہے لطف - دو نو جانب سے عشق تب ہے لطف
تو ادھر مایل خود آرائی — یہاں تو بس اپنی جانپر آئی
واں جبین پر تیری زرافشانی — خاک یاں بنی زیب پیشانی
واں دہن معدن تبسم ہی — گفتگو کی بھی راہ یاں گم ہی
پنجہ واں رشک پنجۂ مرجان — یاں خراش جگر سے خون افشان
تجھکو اسپر بھی ہے غفلت ہے — کیا قیامت مقام حسرت ہے
اسکے آگے ہی اپنا کام تمام

شنیدن حال عاشق جانباز زبانی قاصد معشوق طناز

رہا جب تک سفیر گرم سخن
چپکی سنتی رہی بت پرفن

تہی زبس اُسکی خون فشاں تقریر
کر گئی دلکو اور ہی تاثیر

عشق پردہ سے آگیا باہر
راز در پردہ ہوگیا ظاہر

خانہ بردار غم ہوا دل کا
دل ہی دشمن ہوا تقابل کا

چہپ گئے دلمیں اضطراب غبار
یاسمن زار بن گیا رخسار

دمبدم آہ آہ کرنے لگی
حالت اپنی تباہ کرنے لگی

درد نے دسیے آشنائی کی
آہ نے تا فلک رسائی کی

دلکی کلفت سے دم جو گہبرایا
جی میں اُس ماہوش کے آیا

آہیں گر قوم کی ہوئی ذلت
عاشق تو نہیں تو ہوئیگی عزت

ابہی لازم ہی اضطراب میں صبر
اختیار اپنے پر ہی کرنا جبر

ابہی کیا کیا نہ تجہہ ہونا ہی
نقد جاں تک تو تجہکو کہونا ہی

عشق سی ہے تجہے اگر لینا
غم جو کچہہ پیش آئے سب سہنا

ضبط ظاہر کر اسطرح سب پہ
آہ کا ذکر ہی نہو لب پر

نہیں معلوم وہ اُدہر کا ہے
یا محبت میں تیری یکتا ہے

گفتگو سے وہ جب جدا ہوش
غش سے پہر جب اُسے افاقہ ہوا

محشر آرزو ہوا دل زار
آہ لب پر ہوئی شرر افشان

صبر کا قافلہ بہا جادور
غم سے آنکہیں بسکہ تہیں خونبار

اُٹہ گیا جی سے ننگ رسوائی
ترک کر ہر ننگ اور کہا نکا نام

سنی تا گرصدائے المہم غیب
ابہی تو اسقدر نہو بیتاب

وقت آتا ہی سرفرازی کا
صبر سے دلکو اپنے رکہہ آباد

بلکہ عاشق کا امتحان لیجی
یہ صدا جبکہ گوش میں آئی

فرط غم سے وہ ہوگئی بیہوش
چاہ کا ضبط اُس سے ہو نہ سکا

محو حیرت دو دیدۂ خونبار
ہوا تنور سینۂ سوزان

ہوا بیتاب ہو لسے دل معمور
رگ گل جیب کا ہوا ہر تار

نہ رہی طاقت شکیبائی
چلئے عاشق کے اپنے تا بمقام

کہ نہو اسطرح سے مضطر غیب
دیر ہے کام میں نکیجو شتاب

پہر تماشا ہی عشقبازی کا
ننگ و ناموس کو ندی برباد

ناز سے جنگ زرگری کیجے
بیخودی سی وہ ہوش میں آئی

بازروانہ ساختن قاصد را پیش عاشق و پیام گذاشتن طریقۂ اسلام

کہا قاصد سے کہ ای خجستہ نشان
خضر راہ طریق گم شدگان

خلق میں کیوں ذلیل ہوتا ہے
کیوں عبث اپنی جان کہوتا ہی

مجہکو کیوں مفت میں کیا بدنام
میں کہاں اور عشق نا فرجام

ہووے بلبل و نہار کب ایک جا
ساتہہ گنگا مدار کا کیسا

جہاں ظاہر ہوا سطرحکا فصل
وہاں مناسب نہیں ہے خواہش وصل

تو یہ سنُ لے تو جہیلے ای ناکام
چہوڑ پہلے طریقہ اسلام

کہیو اُس سے کہ ای جگر افگار
یوں اگر تجہکو عشق کرنا تہا

تو مسلمان اور میں ہندو
مجہہ میں تجہہ میں ہے فرق دو مشرقین

گر تو اسپر بہی گذار نہیں
پہر گلے اپنے ڈالکر زنار

عشقبازی ہی سخت مشکل کار
ابہی ہم قوم ہی پہ مرنا تہا

ہیں یہ آپس میں دونوں عدو جو
مجتمع ہوویں کسطرح ضدیں

اور تجہے بن مرے قرار نہیں
بت پرستی ہی کر لے اپنا شعار

بعد ازاں میرے آستانے پر آ	بیٹھ جا زندگی سے ہاتھ اٹھا	نہیں اُس دم وصال میں تاخیر	ہجر کی تیری ہی یہی تدبیر
اور اگر یہ نہیں ہو منظور	وصل معشوق دلسے رکھیو دور	عاشقی میں نہیں ہی جو بیرنگ	عشق کو اُسکے نام سی ہی ننگ

پیام معشوق رسانیدن بعاشق

دخت زرگر نے جب دیا یہ جواب	ہو کے رخصت سفیر دیدہ پُر آب	عاشق نیم جان کے پاس آیا	پر نہایت ہی بیحواس آیا
اُسنے پوچھا کہ یار خیر تو ہی	اسقدر بیقرار خیر تو ہے	کہا ہی خیر سب طرح جان کی	فکر ہے تیرے ایک ایمان کی
یار کو ہی قبول حرف وصال	پر عوض اُسکے دین کا ہی سوال	اور جو کچھ سنا تھا یا دیکھا	ایک ایک اُس جوان سے اُسنے کہا
تھا جو وہ اُسکے عشق میں کامل	دل ہی اُسکا گیا تھا اُس سے مل	جی سے وہ خوش ہوا یہ سنکے خبر	کہا قاصد سے کہ ای ستودہ سیر
ہو ابھا ناصر و مہر تیرا	لیکے پیغام آخری میرا	تحفۂ بخش دماغ ہشیاران	کہنہ صیاد نو گرفتاران
دشمن جان عاشق دلریش	نا مسلمان نگار کافر کیش	شور شہر و دیار و خانہ نشین	خانمان سوز دین اہل یقین
جور مجھپر ہے اور جفا بھی ہی	آخر اسکی کچھ انتہا بھی ہی	چھوڑ ظلم ای ستم نشان اب تو	ہو چکی حد امتحان اب تو
دل تو آگے ہی کر چکے ہیں نیاز	دین بھی حاضر ہے لیے سراپا ناز	صدقے تجھپر سے دین اور ایمان	جان و دل تیری بات پر قربان
دل ہی میرا مرید عشق ہی پیر	عشق ہی میرا آب و گل میں خمیر	میں ازل سے بنا ہوں حسن پرست	دوش جان بار عشق سے ہی پست
جس جگہ عشق کی ہی جلوہ گری	ہی وہ منزل دوئی سے پاک بری	عشق کو یکدلی سے ہی سروکار	ہی دوئی اسمیں نخوت و پندار
اُسکے آگے جنہیں ہے عشق سے کام	دین کیا چیز کفر کسکا ہی نام	اُنہیں اسلام ہی رخ جاناں	کفر ہی اُسپہ خال مشک فشاں
غور کیجئے تو ہیں یہ دونوں ایک	اسمیں کب ہے تفاوت بد و نیک	ہی حرم کی اگر اذاں ناموس	دیر کا پردہ دار ہی ناقوس
ہیں ترانے یہ دونوں واقع راز	ایک گنبد کی ہیں یہ دونوں صدا	خانۂ کعبہ ہو کہ خانۂ دیر	یاں سوا ایک کے نہیں ہے غیر
کفر و اسلام در رہش پویاں	وحدہ لا شریک گویاں	نہیں طالب میں کفر و ایمان کا	میں تو بندہ ہوں تیری فرمان کا
ہی اسی میں اگر رضا تیری	نام اسلام کا نہ لوں میں کبھی	دی دکھلا مجھے دلسے آگی چاہ	ہی بس اب تیری ہاتھ اسکا نباہ

معاودت نمودن قاصد باز بکوچہ یار طناز

سنکے قاصد سے حرف درد آمیز	مرکب عزم کو کیا مہمیز	یاد دل درد مند و دیدۂ زار	ہوا راہی بسمت کوچۂ یار
اُسکے گھر کے قریب جب پہنچا	دخت زرگر کو سامنے دیکھا	مثل تصویر تھی کھڑی بر در	منتظر تھی اسیکی اوسکی نظر
شکل مطلوب دی جو دکھلائی	جسم بیجان میں اُسکے جان آئی	شوق بیحد کو ضبط کر نہ سکی	مرحبا مرحبا پکار اوٹھی
قاصد آیا تو نیچی کر کے نظر	سر کو اپنے جھکا یا قدموں پر	دست شفقت سی اُسنے سر کو اٹھا	لیا چھاتی سے اپنے جلد لگا

پوچھا پھر اے سفیر نیک قدم | کہو کیسا ہے وہ میرا ہمدم
کہا اسنے کہ ای بت خودکام | وہ تو ہی جان و دل سے تیرا غلام
وہ جو مرتا تو دل ہی پر مرتا | دین میں کیا تجھسے گفتگو کرتا
جبکہ دیسے ہوا ہو وہ ناکام | دین و ایمان سے پھر اسے کیا کام
کچھ مخاطب ہوا بسوی سوال | یار کہا دست زد بروی سوال
جسنے راہ وفا میں لے دلبر | قتل کر ڈالا دل سا لخت جگر
کیونکہ جب تک ہے اختیار میں دل | ہاتھ اٹھانا ہی دین سے مشکل
جی سے ہی جسکو یار سے سروکار | مذہب اسکا ہی عین مذہب یار

گفتگو نمودن قاصد از دلبر طناز و ماجرا دیگر بنظر آمدن

اس سے یہ گفتگو وہ کرتا تھا | ناگہاں شہر میں یہ شور ہوا
کسی مہرو کی غم میں ہو کر اداس | آج اسنے کیا ہے ترک لباس
طور سے ایسا پایا جاتا ہے | کہ اسی سمت کو وہ آتا ہے
گرد و پیش اسکے ایک جم غفیر | ہمدم گریہ سب صغیر و کبیر
خاک اڑاتا تھا اپنے سر پہ کوئی | ہاتھ رکھے ہوئے جگر پہ کوئی
کوئی کرتا تھا اسطرح نالے | جس سے سینے کے پڑ گئے لالے
تنکی اسکی بہبوت سے یہ نمود | جیسے در سینم گرد آلود
کنڈل ان کانو میں آفت ہوش | مہر و مہ جسکی جیب کے حلقہ بگوش
غرض اس شکل سے جو آتا تھا | خلق کا جی ہے نکلا جاتا تھا
کوئی فریاد سے جگر افگار | کوئی روتا تھا غمسے ڈاڑھیں مار
سب تحیر تھے سب صغیر و کبیر | کہ ہوا کس کے عشق میں یہ فقیر
دلمیں کس نازنیں کا اسکے ہے سا
کہ یہاں تک رئیس ابن رئیس | ہو گیا سن اسکا بیس بائیس
جو گیونکا بنا کے بھیس اپنا | چھوڑتا ہے وہ آج دیس اپنا
خلق یہ کر رہی تھی گفت و شنود | کہ ہوئی سامنے سے اسکے نمود
تھی جو ساتھ اسکے یار اور غمخوار | روتے آتے تھے مثل ابر بہار
کوئی اس غم سے تھا گریباں چاک | کوئی محزوں بدیدہ نمناک
لوگ تھی گرد ماتمی سج سے | بیچ میں وہ جوان تھا اس دھج سے
سر پہ یوں زری کی انڈوی تھی بہن | ہوئے سورج کے گرد جیسے کرن
زیب بخشش گلو تھا یوں زنار | ہو بندھا جیسے آنسوؤں کا تار
چشم سے تھا کسی کی خون جاری | ہجو اسی کسی پہ تھی طاری
کوئی سوز دروں سے سینہ کباب | کوئی بیتاب ہو کے دیدہ پر آب
کس نے اسکا جگر کیا پارہ | کس کے غم میں ہوا یہ آوارہ
اسکے خاطر لیا ہے اسنے جوگ

آمدن عاشق بر آستانہ معشوق و وداع خواستن از ہمہ

الغرض وہ جوان شیفتہ حال | دل سے وارستہ جی سے فارغ بال
در بیت الصنم پہ جب آیا | دوستوں سے یہ اپنے فرمایا
آخر ایک روز مجھکو مرنا تھا | تمکو ہجراں میں صبر کرنا تھا
کسکو اب جاکے منہ دکھاؤنگا | اب اسی در پہ جی کھپاؤنگا
عفو کیجیو بھلا برا میرا | بخشش دیکھو کہا سنا میرا
ہوکے ہر آشنا سے بیگانہ | بے سر و برگ بے نوا یانہ
لو بس اب ہو چکا زمان وصال | میرے ملنے کا اب رکھیو خیال
سو ابھی سے جدا ہوئے ہم تم | جیتی جی کر لو میرا ماتم تم
مرنا جینا یہیں مقدر ہے | ہے یہی گور اور یہی گھر ہے
دل ہمیشہ رہیں تمہارے شاد | حق تعالی تمہیں رکھے آباد

عیش نت کبھی نہووے جدا
انہیں جیتا رکھے ہمیشہ خدا
پر یہ کرتا ہوں عرض ہو ناشاد
دلمیں رکھیو سدا مجھے تم یاد

بزم عشرت کا جب کرو سامان
پہلے لازم ہے یاد کرنا مان
جب چلے دور بادۂ عنبی
یاد کرنا ہماری تشنہ لبی

پہنیو جب نفیس تم پوشاک
یاد کیجیو یہ دامن صد چاک
جب دہن ہو سخن سے ہم آغوش
کہیو اتنا کہ ہائے وہ خاموش

چشم اگر آئینہ سے ہووے دوچار
میری حیرت کو یاد کریں یار
سیر گلشن پہ دل اگر دینا
واں بھی یادش بخیر کہہ لینا

دل ہو گلگشت سے اگر واں شاد
تنکے چنا رہے ہمارا یاد
دیکھ شبنم زدہ گل شاداب
رو دیجیو یاد کر کے چشم پر آب

لالہ جب جلوہ گر ہو پیش نظر
دلمیں رکھیو میرا یہ داغ جگر
بلبل اپنی سنائے نغمہ ہزار
دھیان میں کہیو میرا نالہ زار

گر کوئی تمسے پوچھے عشق کا حرف
کہیو اس سے یہ ماجرا شگرف
دل کی جانب کی گر کسے کو ہو فکر
بیدلی کا بھی میری کرنا ذکر

گر کرو پیار اپنے دلبر کو
یاد کیجیو مری ستمگر کو
جو کوئی دوستدار یا غمخوار
پوچھے کچھ میرے حال کا اخبار

اس سے ہرگز نہ اور کچھ کہنا
رو کے بے اختیار چپ رہنا
سنکے اس نوجوان سے غم کا بیان
ہو گئے بیحواس پیر و جوان

گرم شیون ہوئی جو خلق تمام
انکے رونے سے مچ گیا کہرام
نالہ پہنچا سبھوں کا تا بفلک
کانپ اٹھا غم سے چرخ گرداں تک

جسکو دیکھو سو تف گریہ و سوز
روز محشر سے کم نہ تھا وہ روز
خلق تھی گو کہ غم سے زار و نزار
اسکو کچھ غم نہ تھا بجز غم یار

رو رو ہر ایک سر کو دھنتا تھا
وہ کھڑا چپکے سبکی سنتا تھا
جب وہ استادہ یوں ہوا بر در
در جاناں پہ سب سے منہ کو پھیر

جاکے بیٹھا وہ طالب دیدار
جوگیوں کیطرح سے آسن مار
تھا لگا دل جو بسکہ واں اسکا
بن گیا سنگ آستان اسکا

بر وقت رسیدن عاشق بر دروازہ معشوق و معشوق را بخانہ نشستن

اب ذرا اپنے گوش دلکو لگا
ماجرا اسنئے دخت زرگر کا
جب تک اس نوجوان کی آمد تھی
در پہ اپنے کھڑی یہ دیکھا کی

سامنے سے ہوا وہ جبکہ نمود
نالے کرنے لگی یہ درد آلود
منزل غم ہوا دل ناشاد
تاب طاقت قلق نے دی برباد

سینہ اسنے الم سے کوٹ لیا
دلکو بیتابیوں نے لوٹ لیا
لیکن از بسکہ تھی جو شرم اسے
وہاں کھڑی رہ سکی نہ غیرت سے

گھر میں جا بیٹھی وہ سراپا ناز
تا نہ ظاہر کسی پہ ہو یہ راز
دل میں تھا اسکے گرچہ عشق کا جوش
پر حیا سے لب و دہن خاموش

غم بیحد سے دل ہوا رنجور
جسم و جان عیش و عافیت سے دور
نہ اسے فکر شانہ گیسو
نہ اسے شوق وسمہ ابرو

دلمیں ہر لحظہ یاد قامت تھی
جان پر آفت قیامت تھی
الغرض وہ جوان بحال سقیم
جب ہوا در پر اس صنم کے مقیم

تھا یقین اسکو وہ بلا لیگی
یا وہ خود اسکے پاس آئیگی
جبکہ برعکس آرزو پایا
غم سے دل بسکہ سخت گھبرایا

مضطرب جان مستمند ہوئی
غم کی شدت جو تھی دو چند ہوئی
جی ہوا محو حسرت جانکاہ
نہ رہی تاب ضبط نالہ و آہ

دلپہ صدمہ جو غم کا ہونیلگا
بیقراری سے جان کھونیلگا
دشمن صبر ہوگئی کاہش
دلسے پیش آیا غم برہم خلش

نالہ زار نے اٹھایا سر
جان سینہ میں ہو گئی مضطر

کیا وحشت نے قصد دلکو پسند
آہ نے تا فلک لگائی کمند

یار کو سامنے تصور کر
شکوے کرتا تھا یوں بہ چشم تر

کاے ستم جفا پیشہ و وفا دشمن
شوخ عاشق کش و بت پرفن

کیا یہی طرز خوش ادائی ہے
یہی انداز دلربائی ہے

یہی الفت ہے اور وفاداری
کیا یہی ہے طریق غمخواری

تھا یہی مجھسے قول و اقرار
کیا اسے دشمنی کا نام ہے یار

کہ مجھے کھوکے دین و دنیا سے
دربدر اسطرح اپنے بلوا کے

تونے پردے میں جا انتقام کیا
مجھکو رسوائے خاص و عام کیا

خلق اندوہگین ہے مجھکو دیکھ
سبکو غم دلنشین ہے مجھکو دیکھ

پر تجھے فکر کچھ نہیں میری
جان جاتی ہے سرا تیری

میں تو ایک خاکسار ہوں تیرا
عاشق جان نثار ہوں تیرا

دل سے ہوں ای یگانہ آفاق
دیکھنے کا ترے فقط مشتاق

تونے اس پر بھی منہ چھپایا حیف
رحم مجھپر ذرا نہ آیا حیف

گر یہی لطف و مہربانی ہے
مرگ محسوس زندگانی ہے

شکایت نمودن عاشق از معشوق و گرد آمدن قوم زرگر

شکوے یوں کر رہا تھا وہ بیدل
کہ ہوئی ادھر ہی بلا نازل

یعنی جسدم یہ راز فاش ہوا
کہ وہ عاشق ہے دختِ زرگر کا

سارے خویش و برادر زرگر
دوڑ کر جمع واں ہوے یکسر

دلمیں انکے سما گیا کینہ
ہوا کینوں سے سینہ گنجینہ

جی میں سبکے ادای خونخواری
تھا ہر ایک مایل دل آزاری

خاطر آزار تھے وہ بدگوہر
مرض آسا ہر ایک رنج آور

بے ادب بیوفا و بے آزرم
بیحیا بیمروت و بے شرم

تھے وہ سب کج خرام راہ صواب
جان ستان فرشتہای عذاب

دیکھے باہم قرار جنگ و ستیز
دیکھتے تو تیغ تیز سر آمیز

میان سے کھینچ کر کوئی تلوار
چاہتا تھا کہ اسپہ کرے وار

کھینچ کر کوئی خنجر خونریز
سنگ پر اسکی دھار کرتا تیز

کوئی کہتا تھا ہاتھ لیکے کٹار
ماروں ایسا کہ ہو نکلے پار

جوڑتا تھا کوئی کماں سے تیر
سانگ تولے ہوے کوئی بے پیر

ایک شخص انمیں جو معمر تھا
عقل و دانش میں سب سے بہتر تھا

کہا اسنے کہ یارو صبر کرو
کرکے حجت تمام جبر کرو

پہلے باتوں میں اسکو سمجھاؤ
گر نہ سمجھے تو مار ہی ڈالو

اسنے یہ کہکے سامنے آیا
اس جوان کو تب اسنے سمجھایا

کہ تجھے ہم رئیس جانتے ہیں
اور بزرگوں کو تیرے مانتے ہیں

چاہیے ہو رئیس عزت مند
کہ رعایا ہیں اسکے سب فرزند

تجھکو اے نوجوان ماہ لقا
عشقبازی ہے کب ایسی زیبا

اہل اسلام تو یہ قوم ہنود
وصل یاں کسطرح سے ہو موجود

اسنے ممکن ترا نہیں ہے وصال
دور کر دے اپنے اسکا خیال

ہر جگہ یہ مقام فتنہ و شر
یاں سے اٹھ جانا ہے ترا بہتر

انمیں گر تونے ازرہ انکار
نہیں اٹھنے کی ذری تکرار

حال تیرا نہ یوں ہو ویگا
دم میں یہاں کشت و خون ہو ویگا

قوم زرگر ہے مستعد بفساد
مفت میں جانکو نہ دے برباد

پیش آمدن پنچی ز قوم زرگر و منع نمودن از طریقہ عشق و باز نہ آمدن از عشق

سن کے تقریر اسکی ہو اداس   یوں کہا اسنے ای خدا نشناس
میں ہوں سو جان سے عاشق صادق   لوٹ اُس سے ہی جو کہ ہو فاسق
نہ اُٹھونگا میں جب تلک ہے دم   کہیں دیکھا ہے اُٹھتے نقش قدم
شمع سان پہلے سر کٹا دونگا   پھر تماشا تمہیں دکھا دونگا
وہاں سے کچھ ہٹ گئے ہو شور طلب   لگے آپسمیں ملکے کہنے سب
کوئی ہم میں سے ایسی کچھ تہہ کر   جس سے آئے ہوئے بلا ٹلجائے
کہا ای شورت کے اہل سلوک   اپنے نزدیک بات ہے دو ٹوک
اسمیں گر تمنے کچھ بھی کی تاخیر   آئے گی مشکل ہے اسکی پھر تدبیر
اِس سوا اور کچھ نہیں ہے طور   خوب سا دلمیں اپنے کر لو غور
عقل و دانش قضا نے کر دی سلب   ہوگئے سبکے سب فتنی القلب
آکے اُس نوجواں کو گھیر لیا   رحم و شفقت سے منہ کو پھیر لیا
ہوکے لبریز قہر و خشم و جفا   کہا اے اب بھی کہتے ہیں اُٹھ جا
سنکے اُن ظالموں سے اُسنے خطاب   کہا ای کج خرام راہ ثواب
میں بھی حاضر ہوں تم بھی حاضر ہو   دل میں جو آرزو ہو کر گذرو
کیا دکھاتے ہو خنجر خونریز   جانپر کھیلنے میں میں ہی ہوں تیز
زخم پیہم سے منہ نہ موڑونگا   رشتۂ دوستی نہ توڑونگا
جو کوئی اسطرح کا ہو بے ننگ   قتل میں اُسکے تمکو کیا ہے درنگ
یہ کہا اور چلائی اُسپر تیغ   قتل کر ڈالا اُسکو وا دریغ
خون سے گلگوں ہوا جو اُسکا بدن   بنگیا اُسکا ارغوان سب تن

عشق کو جنگ دلسے ہی پیوند   اُنکو یکساں ہی غیر اور فرزند
ہوں فقط میں تو طالب دیدار   تم میرے کیوں ہو درپئے آزار
ظلم جو ہوگا سب سہونگا میں   خاک ہوکر بھی میں ہونگا نہیں
قوم زرگر نے جب سنی یہ بات   دن نظر آیا اُنکے آنکھوں میں رات
یہ تو اُٹھتا نظر نہیں آتا   ننگ و ناموس ہے مٹا جاتا
ایک تہا اُن میں سخت بے ایمان   عشقبازوں کا دل سے دشمن جان
یا تو ناموس کو وداع کرو   یا اسے جلد قتل کر ڈالو
بے اثر کب ہے نالۂ بلبل   دم میں یہاں اور ہی کھلیگا گل
سنکے یہ حرف مرد بے ایمان   ٹھن گیا سبکے دلمیں قتل جوان
مجتمع ہوکے پہر وہ کافر کیش   دخت زرگر کے سب پدر و خویش
بیچ میں تہا وہ ماہ عالیجاہ   تھے عدو گرد مثل خرمن ماہ
ورنہ یہ تیغ اور تیر سے ہے   خاک رہ تیری تن کا بستر ہے
قتل کی گر تمہیں تمنا ہے   باربار اسکی گفتگو کیا ہے
تیغ پر اپنی گر تمہیں ہے ناز   میں بھی راہِ وفا میں ہوں جانباز
ٹکڑے گر عضو ہوں میرے سارے   سر پہ سو بار گر چلیں آرے
دشمنوں نے سنی جو یہ تقریر   کہا ہر ایک نے کھینچکر شمشیر
اپنے ناموس پہ ہو نہ حرف   در گذر اُس سے کرتے ہیں کم ظرف
رشک گلشن ہوئے ہو درو دیوار   عشق نے زور ہی کہا لی بہار
تن جو زخموں سے چور تہا اُسکا   لب پہ ہر زخم کے یہ تہا شکر خدا

قتل شدن عاشق و از حلق او آواز بگوش معشوق رسیدن

ایک یاں سنئی اور غم کا بیان   ہے عجب ماجرائے خون افشان
کای بت بیوفا و غارت گر   قاتل عاشق برشتہ جگر
نہ کیا خوف جی کی جانے سے   نہ اُٹھا تیری آستانے سے

سر سے جبکہ وہ گذر گیا جانباز   حلق کشتہ سے نکلی یہ آواز
میں نے کار وفا تمام کیا   جاں نثاروں میں اپنا نام کیا
جور جو کچھ ہوا لیا سر پر   جان سے گذرا میں تیری ہی در پر

تہا جو الفت کا تیرے سب پیام
سر کے بل اٹکا ہو چکا انجام

اب یہ مذمت میں عرض ہے تیری
جگ ہنسائی نکیجو میری

جانفشانی یہ ہے میرے کنے نگاہ
تجھسے جو ہو سکے سو کچھ نباہ

عاشق بر زانو گرفتن و نالہ فریاد نمودن معشوق

سنئے اب حال دختر زرگر
جب ہوئے اس خبر سے مستفسر

کہ وہ ناکام اس جہاں سے گیا
جان سے اور اپنی خانماں سے گیا

دلپر ایک تیر چلگیا سن سے
جان گویا نکل گئی تن سے

چاک اسنے کیا گریبان کو
خون سے آلودہ جیب و داماں کو

نخل عشرت سے دل جو تہا بستان
اُن میں پیدا ہوئے گل حرمان

کیا غم نے جگر کا کام تمام
رہ گئی اپنا وہ کلیجا تہام

پیٹتی درد غم سے اپنا سر
نکل آئی وہ پردے سی باہر

دیکھکر نعش یار سینہ فگار
لگی کہنے بدیدۂ خونبار

ای میری جان نثار راہ وفا
کشتۂ تیغ و خنجر اعدا

ای میری وقف حسرت و ارمان
ای میری جان میں تیری قربان

ای بصورت گل و بنالہ ہزار
لٹ گئی یوں خزاں سے تیری بہار

ای سفر کردہ دیار عدم
ای مرے عاشقی میں راسخ دم

ای میری زخمی خدنگ نگاہ
کس سے اپنا کہوں میں حال تباہ

میری بیجان دادۂ غم ہجران
میری مقتول درد بیدرمان

میری تاریک گھر کی چشم چراغ
یوں نہ دینا تہا میرے دلپر داغ

ہائے ای میرے چاہنے والے
بات اپنی نباہنے والے

ہائے ای میری آرزو کے شہید
دیدہ بخشے ہوئے بگفت و شنید

ہائے ای میرے مستمند وصال
یوں فلک نے کیا تجھے پامال

ہای یہ تیری نوجوانی ہائے
ہای یہ تیری جانفشانی ہائے

ہائے ای سرو ناز گلرخسار
زندگی کی نہ دیکھی تو نے بہار

کچھ میں اپنے ایسے کی تعجیل
کہ خبر بھی نہ کی بوقت رحیل

گر تو ملک عدم کا عازم تہا
چھوڑ جانا مجھے نہ لازم تہا

بکیا نہ تو یوں سفر کر جائے
میں ہوں جیتی اور تو مر جائے

غور کر تو ہی اب کروں کیا میں
دلمیں کسکا رکھوں سبو میں

مجھہ پہ یہ موجی سے یوں مرے گا کون
ناز برداریاں کریگا کون

کون مجھکو کہیگا کافر کیش
میں کہوں کسکو عاشق دلریش

کون بھیجے گا دمبدم قاصد
کس سے ہر بات پر کروں گی ضد

ناز سے رد کرونگی کسکا سوال
اسقدر کسکو ہوگا میرا خیال

مجھکو معلوم یہ اگر ہوتا
قتل تجھکو کریں گی یوں اعدا

بخدا میں نکرتی کچھہ زنہار
خواہش وصل میں تیری تکرار

تھی زبانی یہ گفتگو میری
ورنہ دلسے کنیز تھی تیری

جانمن میری کیا حقیقت ہے
مجھہ میں کیا صورت اور سیرت ہے

تو نے عزت دی مجھکو تا بسر
ہوئی تیری سبب سے نام آور

اب جہاں تیری عشق کا چرچا
عاشقوں کی زبان پر ہوگا

یاد مجھکو بھی سب کرینگے لوگ
یہ بیان سنکے انکو ہوگا سوگ

جبکہ عالم میں تجھسے ہی شیدا
ہوا حاصل مجھے وقار ایسا

شرط الفت یہ ہی کہ میں بھی مروں
زندگانی سے اپنی دلگذروں

بھول جاؤں گر اس محبت کو
تا کہ ننگ ہی میری عزت کو

کر چکی جب یہ درد و غم کا بیان
بادل زار و دیدۂ گریاں

نعش کے پاس پہر وہ جا بیٹھی
جلنے سے اپنی ہاتھ اٹھا بیٹھی

اپنے عاشق کے سر کو سینے سے لگا
رکھ کے زانو پہ غور سے دیکھا

رخ سے ظاہر تھی دل کی حیرانی
دیدہ و اشک چشم قربانی

جلوہ گر نقش یاس پیش نظر
رنگ چہرہ کا مثل شمع سحر

رنگ و ظاہر پریدہ تھا
رشک خوردہ سر بریدہ تھا

خون سے تر تھا جو عارض گلگوں
اپنے آنچل سے پونچھتی تھی خون

کبھی ماتھے پہ بوسہ دیتی تھی
کبھی اُسکی بلائیں لیتی تھی

کبھی سلجھاتی سر کے اُلجھے بال
کبھی ملتی تھی اُسکے گال سے گال

آواز بگوش معشوق رسیدن از غیب و خود را نیز در آتش عشق سوختن و مردن

آئی ناگہ یہ غیب سے آواز
کاش ہم آغوش عاشق جانباز

وہ تو مردہ ہے اور تو زندہ
کب ہے یہ اختلاط زیبندہ

تجھکو پیاری ہے اپنی زیست اگر
عشق کا بوجھ کیوں لیا سر پر

لطف موقع نہیں ہے باقی کا
وقت ہے اب یہ جانفشانی کا

دیسے گر سوز عشق کو ہی راہ
پھر یہ تاخیر کیا ہے بسم اللہ

سنی اُس نازنیں نے جب یہ ندا
ہو گئی اُسکی اور طرز و ادا

لب پہ ظاہر سخن سے تھی خاموش
دل میں تھا بحر آتشیں کا جوش

ہوا سینہ میں مشتعل شعلہ
جس سے ہو برق کا تجلی شعلہ

ہر بن مو ہوا شرار افشان
دل جگر مثل گلخن سوزاں

ہوئی سوز دروں سے جان بہ دم
لگ گئی آگ سر سے تا بہ قدم

عشق کو تھی جو آگ دینے لاگ
خانۂ تن میں یوں لگا دی آگ

جب تن زار اُسکا جلنے لگا
شمع ساں عضو عضو جلنے لگا

نعش سے وہ لپٹ کے لیٹ گئی
ہستی اپنی جہاں سے میٹ گئی

شوق سے مل گئی گلے دونو
ایک ہی آگ میں جلے دونو

خاک سے گوش زد ہوا ناگاہ
کلمۂ لا الہ الا اللہ

سنکے حیران کار عشق تھے سب
وقف سوز شرار عشق تھے سب

عشق کا یہ تو ایک ہی ہے نیرنگ
جب سے یہاں کفر و دین ہوئے یک رنگ

سیکڑوں اسکے ایسے ہیں شعبے
صرف حیرت ہو عقل کل جس سے

غرض اُن دونوں جاں نثاروں کا کام
عشق نے کر دیا بخیر انجام

گرچہ ظاہر میں خوار ہوکے مرے
سرخرو لیکن اس جہان سے گئے

لوگ جو گرد تھے تماشائی
اُنکے حیرت میں کچھ نہ بن آئی

آتش عشق تھی یہ شعلہ فشاں
پاس جانا کوئی سو کیا امکاں

سارے قوم قبیلۂ زرگر
کف افسوس رہ گئی ملکر

نہ نصیحت کی اُنکو جرأت تھی
نہ چھوڑانے کی اُنکو طاقت تھی

ہوئے اس واقعہ سے پیر و جوان
شکل آئینہ صورت حیران

دشمنوں کو بھی تھی پشیمانی
دوستوں کو بہت پریشانی

تمام نمودن داستان سراپا سوز و بطور پند چند اشعار تحریر کردن

اختر اب تا کجا ترانۂ عشق
لکھے کب تک قلم فسانۂ عشق

سوز عشق اس سے کچھ کیا جو رقم
شمع سوزاں ہوگی زبان قلم

عشق وہ شعلہ ہے شرارت کیش
جس سے ہیں سب جگر جلے دل ریش

جب خوش آتی ہے اسکو آگ کی سیر
یہ نہ سمجھے حرم نہ خانۂ دیر

جز وہ کافر یہ عشق تیغ گذار
کفر و دین کا ہے جس سے سینہ فگار

زور اپنا جہاں جتاتا ہے
کوہ کو کاہ کر دکھاتا ہے

جہاں بیٹھے ہیں اسکے دیوانے
ایسے لاکھوں ہوئے ہیں پروانے

ہے غرض عشق کا مقام بلند
فکر کی وانجہ نارسا ہی کمند

[illegible]
[illegible] کمال [illegible]

[illegible]
جا ہیے قصہ مختصر کرنا

[illegible]
رہیے خاموش [illegible]

[illegible]
تمام [illegible]

تمام شد

مثنوی اسرارِ محبت

از نواب محبت خاں محبت شاگرد جرأت

محبت نام اور ہر دل نگیں ہے
